# اطلاع 50واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شکر گنج لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کا 50 واں سالانہ اجلاس عام قصرِ نور 2-E-9 مین بلیوارڈ، گلبرگ III، لاہور پر بروز جمعہ 26 جنوری 2018ء کو صبح 11:00 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

## عام امور:

1۔ 30 ستمبر 2017ء کو **مختتمہ** سال کیلئے کمپنی کے سالانہ تنقیح شدہ مالی حسابات معہ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

2۔ 30 ستمبر 2017ء مختتمہ سال کیلئے نقد منافع منقسمہ -/1.25 روپے فی شیئر (یعنی بشرح 12.5%) ادائیگی کی منظوری دینا۔

3۔ کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلہ خدمت کا تعین کرنا۔

لاہور | **بحکم بورڈ**

**مورخہ: 13 دسمبر 2017**

آصف علی

**کمپنی سیکرٹری**

## نوٹ:

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 19 جنوری 2018ء تا 26 جنوری 2018ء (بشمول ہر دو ایام) بندرہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار دفتر میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ E-503 جوہر ٹاؤن لاہور پر 18 جنوری 2018ء کو کاروبار کے اختتام تک موصولہ **منتقلیاں** ٹرانسفر یز کو نقد منافع منقسمہ اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے دیگر ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہیئے۔

3۔ پراکسی تقرری کے آلات اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہے یا مختار نامہ کی نوٹریلی مصدقہ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً جمع کرائی جانی چاہیے۔

4۔ ممبران جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) میں جمع کرا چکے ہوں کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان (SECP) کی دی گئی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

### A۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:

a)۔ بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُنکی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔

b)۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ معہ نامزدہ کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت مہیا کرنا ہونگے (اگر پہلے مہیا نہیں کئے گئے)۔

### B۔ پراکسی تقرری کیلئے:

a۔ بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُنکی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہیں، کو بالا ریکوائرمنٹ کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b۔ پراکسی فارم، دو افراد جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر مذکور ہونگے، کے گواہی شدہ ہونے چاہئیں۔

c۔ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہونگی۔

d۔ پراکسی، اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ مہیا کرے گا۔

e۔ کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ مختار نامہ معہ نمونہ دستخط، کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہونگے۔ (اگر پہلے مہیا نہیں کئے گئے)۔

### 5۔ منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے CNIC کی نقول جمع کرانا

جیسا کہ وقتاً فوقتاً حصص داران کو مطلع کیا گیا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات بشمول SRO.831(1)2012 مورخہ 5 جولائی 2012ء میں مطلوبہ ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز آف رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز یا بااختیار شخص سوائے بصورت مائنرز اور کارپوریٹ ارکان درج ہونے چاہئیں۔ لہذا مستقبل کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کیلئے شیئر ہولڈرز کا CNIC نمبر لازمی ہے اور ایسی معلومات کی غیر موجودگی میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی SECP کی مذکورہ بالا ہدایات کی شرائط میں روکی جاسکتی ہے اس لئے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے CNICs مہیا نہیں کئے ایک بار دوبارہ التماس ہے کہ اپنے CNICs کی مصدقہ نقول (اگر پہلے مہیا نہیں کئے گئے) براہ راست ہمارے انڈی پینڈنٹ شیئرز رجسٹرار کو مزید کسی تاخیر کے بغیر درج ذیل پتہ پر مہیا کریں۔

### 6۔ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرونک طریقہ

SECP نے بذریعہ نوٹس نمبر 8(4)SM/CDC/2008 مورخہ 05 اپریل 2013ء نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے طریقہ کو مزید مؤثر بنانے کیلئے پہلے ہی ای ڈیویڈینڈ میکانزم متعارف کروایا ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 کی پرویژنز کے مطابق فہرستی کمپنیوں کیلئے ضروری ہے کہ کوئی منافع منقسمہ قابل ادا نقد صورت میں فقط الیکٹرونک موڈ کے ذریعے براہِ راست مستحق حصص داران کی طرف سے منسوب بینک اکاؤنٹ میں کیا جائیگا۔ اس کے بعد، بروئے سرکلر نمبر 18 آف

2017ء مورخہ یکم اگست 2017، SECP نے 31 اکتوبر 2017ء تک ڈیویڈینڈ وارنٹس کے ذریعے نقد منافع منقسمہ ادا کرنے کی ایک بار کی رعایت کی اجازت دی ہے۔ اس کے مطابق مادی حصص کے مالک حصص داران سے درخواست ہے درج بالا پتہ پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سالانہ رپورٹ میں مہیا شدہ اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ای ڈیویڈینڈ فارم پر الیکٹرونک ڈیویڈینڈ مینڈیٹ فراہم کریں۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں، یہ معلومات اپ ڈیٹنگ اور کمپنی کو ارسال کرنے کیلئے سی ڈی ایس پارٹیسپنٹس کو مہیا کی جانی چاہئیں۔

## 7۔ مالی حسابات کی ترسیل بذریعہ سی ڈی / ڈی وی ڈی/یو ایس بی

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کی پیروی میں شکر گنج لمیٹڈ کے حصص داران نے 31 جنوری 2017ء کو منعقدہ کمپنی کے 49 ویں AGM میں سالانہ رپورٹس بشمول نظر ثانی شدہ سالانہ حسابات، سالانہ اجلاس عام کے نوٹسز اور کمپنی کی دیگر معلومات ہارڈ کاپیوں میں ترسیل کی بجائے سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی کے ذریعے ترسیل کیلئے اپنی رضامندی کی منظوری دے چکے ہیں۔ حصص داران جو مذکورہ بالا دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں وصول کرنا چاہتے ہوں کمپنی سیکرٹری / شیئر رجسٹرار کو سالانہ رپورٹ میں مہیا شدہ اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب معیاری درخواست فارم ارسال کریں اور کمپنی حصص داران کو مطالبہ پر مذکورہ بالا دستاویزات ایسی طلب کے ایک ہفتہ کے اندر مفت مہیا کرے گی۔ حصص داران جو سالانہ رپورٹ بشمول اجلاس کے نوٹسز بذریعہ ای میل بھی وصول کرنا چاہتے ہوں سے درخواست ہے کہ سالانہ رپورٹ میں مہیا شدہ اور کمپنی کی ویب سائٹ: www.shakarganj.com.pk پر بھی دستیاب معیاری درخواست فارم پر اپنی تحریری رضامندی فراہم کریں۔

## 8۔ ڈیویڈینڈ سے نظرثانی شدہ شرح پر انکم ٹیکس کی کٹوتی

یکم جولائی 2017ء سے موثر فنانس ایکٹ 2017ء کی پروویژنز کی پیروی میں ڈیویڈینڈ ادائیگیوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتی حسب ذیل کے مطابق فائلرز اور نان فائلرز کی بنیاد پر کی جائیگی۔

| نمبر شار | حصص داران کی نوعیت | کٹوتی کی شرح |
|---|---|---|
| -1 | انکم ٹیکس ریٹرن کے فائلرز | 15.0% |
| -2 | انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلرز | 20.0% |

**انکم ٹیکس فیڈرل بورڈ آف ریونیو ویب سائٹ پر چسپاں ایکٹو ٹیکس پیئرز فہرست کی بنیاد پر منہا کیا جائے گا۔**

انکم ٹیکس کی کٹوتی سے رعایت حاصل کرنے کے خواہشمند ممبران یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل سے درخواست ہے کہ کارآمد ٹیکس سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت جو بھی صورت ہو جمع کرائیں۔

حصص داران جو فائلرز اور نان فائلرز کے ذریعے مشترکہ شیئر ہولڈرنگ کے مالک ہوں سے الگ الگ سلوک کیا جائے گا اور ایسی خاص حالت میں ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر سے یا تو فائلر یا نان فائلر سلوک کیا جائے گا اور ان کے شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ اگر شیئر قابل تحقیق ہوا تو ہر اکاؤنٹ ہولڈر حصص کے مساوی تناسب کا مالک تصور ہوگا اور اس کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔ اس لئے اعلیٰ شرح پر ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کیلئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے شیئر ہولڈنگ کی حسب ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو AGM کی تاریخ تک مہیا کریں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | نام شیئر ہولڈر | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | شیئر ہولڈنگ | کل حصص | پرنسپل/ جوائنٹ شیئر |
|---|---|---|---|---|---|

## 9۔ ان کلیم ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز

حصص داران کے ان کلیم ڈیویڈنڈز، جو کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ یا بونس شیئرز کلیم نہیں کر سکے یا اپنے مادی حصص حاصل نہیں کر سکے تھے، اگر کوئی ہوں، سے التماس ہے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، E - 503، جوہر ٹاؤن لاہور سے اپنے ان کلیم ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہوں، کے بارے دریافت / حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کی تعمیل میں رائج طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد تمام ایسے ڈیویڈنڈ اور مقررہ تاریخ سے 3 سال یا زیادہ عرصہ کے لئے شیئرز آؤٹ سٹینڈنگ اور واجب الادا ان کلیم ڈیویڈنڈ کی صورت میں فیڈرل حکومت کے کریڈٹ میں جمع اور حصص کی صورت میں SECP کو ترسیل کر دیئے جائیں گے۔

## 10۔ وڈیو کانفرنس سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی پروویژنز کی پیروی میں، کمپنی کے کل پیڈ اپ شیئر کیپٹل کے کم از کم 10% کے مالک اس شہر میں سکونتی حصص داران کمپنی سے اجلاس میں شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت مہیا کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ وڈیو لنک سہولت کا مطالبہ مذکورہ بالا پتہ پر شیئر رجسٹرار کے ذریعے سالانہ رپورٹ میں مہیا شدہ اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب معیاری درخواست فارم پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وصول کیا جائے گا۔

## 11۔ مالی حسابات کی پلیسمنٹ

کمپنی 30 ستمبر 2017 **مختتمہ** سال کیلئے تنقیح شدہ سالانہ مالی حسابات معہ ان پر آڈیٹران اور ڈائریکٹران کی رپورٹس اپنی ویب سائٹ www.shakarganj.com.pk پر رکھ چکی ہے۔